7432 ـ تمباکو کاشت کرنے کا حکم

سوال

اسلام میں تمباکو کاشت کرنے اور کسانوں کا اسے فروخت کر کے جمع کردہ مال کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نہ تو تمباکو کاشت کرنا جائز ہے، اور نہ ہی فروخت کرنا، اور نہ ہی اسے استعمال کرنا، کیونکہ تمباکو کئی ایك وجوہات کی بنا پر حرام ہے.

اس لیے کہ تمباکو سے صحت کو کئی قسم کے نقصانات اور ضرر لاحق ہوتے ہیں، اور اس کا خبیث اور گندا ہونا بھی اس کی حرمت کا باعث ہے، اور اس کا کوئی فائدہ بھی نہیں.

مسلمان شخص کو یہ ترك کرنا اور اس سے دور رہنا چاہیے، نہ تو اس کی زراعت و کاشت کرے، اور نہ ہی اس کی تجارت، کیونکہ جب اللہ تعالی نے کسی چیز کو حرام کیا ہے تو اس کی قیمت بھی حرام کر دی ہے.

واللہ اعلم .